
سب سے بہادر بلی!
سکارلیٹ کی سچی کہانی

لوراڈریسکول ، تصویر : این ڈی سلوو- ریان




سب سے بہادر بلی!
سکارلیٹ کی سچی کہانی

لوراڈریسکول ، تصویر : این ڈی سلوو—ریان

ترجمہ : ابوابو زوہان ،بحرین






بروکلین، نیویارک، 1996


ایک عمارت میں آگ لگی ہے!

وہاں بہت سی فائر انجن (آگ بجھانے والی گاڑیاں) اور
بہت سے فائر مین (آگ بجھانے والے اہلکار) موجود ہیں۔

یہ ایک پرانے گیراج میں لگی
ایک بڑی آگ ہے۔

لیکن ایک بات اچھی ہے (خوش قسمتی ہے)۔
عمارت میں کوئی نہیں رہتا۔





رکو! دیکھو!

فائر مین کیا دیکھتے ہیں؟





یہ ایک بلی ہے!

وہ گیراج سے باہر بھاگتی ہے۔




وہ کچھ اٹھائے ہوئے ہے—


کوئی چھوٹی چیز۔

یہ ایک ننھا سا بلی کا بچہ ہے!

بلی اپنے بچے کو ایک محفوظ جگہ پر رکھ دیتی ہے۔

کیا آپ دیکھنا چاہتے ہیں کہ وہ دوبارہ اندر جاتی ہے؟





پھر وہ دوبارہ آگ کے اندر بھاگتی ہے !

وہ کیا کر رہی ہے ؟



جلد ہی بلی دوبارہ باہر بھاگتی ہے—ایک اور بلی
کے بچے کے ساتھ!



وہ اندر اور باہر بھاگتی ہے۔





تین بار اور۔

فائر فائٹرز کو اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آ رہا۔

اب وہاں بلی کے بچوں کا ڈھیر لگ گیا ہے!



وہ چھوٹے اور ڈرے ہوئے ہیں۔

ایک کے ننھے کانوں پر جلنے کے نشانات ہیں۔

اور بیچاری ماں بلی!

اس کے زخم گہرے ہیں۔

اس کی آنکھیں زخمی ہیں۔

وہ اپنے بچوں کو دیکھ تک نہیں سکتی۔

اس لیے وہ ہر بچے کو اپنی ناک سے چھوتی ہے۔

ایک، دو، تین، چار، پانچ۔

وہ سب وہاں موجود ہیں۔

بہت نرمی سے،

ایک فائرمین

تمام بلیوں کو ایک باکس میں رکھتا ہے۔

وہ جانتا ہے کہ

انہیں ڈاکٹر کی ضرورت ہے۔





فائر مین بلیوں کو جانوروں کے اسپتال لے جاتا ہے۔

بلیاں کسی کی نہیں ہیں۔
وہ آوارہ ہیں۔
اس لیے ڈاکٹر
ماں بلی کو ایک نام دیتے ہیں۔
وہ اسے اسکارلیٹ (Scarlett) پکارتے ہیں
کیونکہ اس کے زخم سرخ ہیں۔



جلد ہی بہت سے لوگ اسکارلیٹ کے بارے میں
جان جاتے ہیں۔

اخبارات کہانیاں شائع کرتے ہیں۔



لوگ چاہتے ہیں کہ وہ ٹی وی پر آئے۔



وہ ایک ہیرو اور ایک اسٹار (ستارہ) ہے۔

ہر کوئی امید کرتا ہے کہ اسکارلیٹ بہتر ہو جائے گی۔

اور آہستہ آہستہ وہ بہتر ہو جاتی ہے۔

بلی کے بچوں کو دوسرے کمرے میں رکھا گیا ہے

تاکہ وہ آرام کر سکے۔

اسکارلیٹ اب ان کی دیکھ بھال نہیں کر سکتی۔



اسپتال کے لوگ بلی کے بچوں کو بہت پیار دیتے ہیں۔

اور وہ بھی بہتر ہو جاتے ہیں— سوائے ایک کے۔



ڈاکٹروں کا خیال ہے

کہ وہ آگ سے باہر نکلنے والا آخری بچہ تھا۔

دھوئیں نے اس کے پھیپھڑوں کو نقصان پہنچایا۔


ایک ماہ بعد،

وہ مر جاتا ہے۔



دو ننھے بلی کے بچے ایک مہربان
خاتون کے ساتھ اپنے نئے گھر چلے
جاتے ہیں جہاں ان کا بہت خیال
رکھا جائے گا۔





باقی دو لانگ آئی لینڈ (LongIsland)
کے ایک جوڑے کے ساتھ گھر چلے جاتے ہیں۔


اور اسکارلیٹ کا کیا ہوا؟

اس کے لیے پوری دنیا سے خطوط آتے ہیں—

کینیڈا، جاپان اور یہاں تک کہ مصر سے بھی!


بہت سے لوگ اسے ایک اچھا گھر دینا چاہتے ہیں۔






اسپتال کے لوگ 1,000 سے زیادہ خطوط پڑھتے ہیں!

وہ اسکارلیٹ کے لیے بہترین گھر تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔





آخِر کار،

وہ فیصلہ کر لیتے ہیں۔

ٹی وی اور اخبار کے رپورٹرز بڑی خبر سننے کے

لیے آتے ہیں۔



کیرن ویلن (KarenWellen) نامی خاتون
اسکارلیٹ کی دیکھ بھال کریں گی۔

اپنے خط میں، کیرن نے اپنے حادثے کے بارے میں لکھا تھا—ایک کار کا حادثہ۔



سکارلیٹ کی طرح، کیرن کو بھی صحت یاب ہونے میں طویل وقت لگا۔ وہ جانتی ہے کہ اسکارلیٹ کس مشکل دور سے گزری ہے۔



کیرن کے پاس پہلے بھی ایک بلی تھی۔

وہ اس سے بہت پیار کرتی تھی۔

لیکن کیرن کی بلی اس کے حادثے
کے فوراً بعد مر گئی تھی۔



کیرن دوسری بلی نہیں پالنا چاہتی تھی—
جب تک کہ وہ بہت ہی خاص نہ ہو...



بالکل اسکارلیٹ کی طرح!

ختم شد